# دُعا—ایک بہت بڑا اعزاز (حصہ 2)

یہ مشق کتاب ”پاک کلام کی تعلیم حاصل کریں“ کے باب 17 پر مبنی ہے۔ یہ کتاب jw.org پر دستیاب ہے۔

**اِس مشق کا مقصد:** اِس بات کا جائزہ لیں کہ آپ کیا مانتے ہیں اور کیوں؛ اِس حوالے سے پاک کلام کی تعلیم کیا ہے اور آپ اپنے عقیدوں کی وضاحت کیسے کر سکتے ہیں۔



## ہمیں کیسے دُعا کرنی چاہیے؟

### 1 اپنے نظریات کا جائزہ لیں

آپ کے خیال میں دوسرے لوگ اِس سوال کا کیا جواب دیں گے؟

آپ کیا مانتے ہیں؟

آپ ایسا کیوں مانتے ہیں؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

## 2 پاک کلام کی تعلیم پر غور کریں

**ہمیں یسوع مسیح کے وسیلے سے یہوواہ سے ہر اُس بات کے لیے دُعا کرنی چاہیے جو اُس کی مرضی کے مطابق ہے۔**
(کتاب "پاک کلام کی تعلیم" کے باب 17 پیراگراف 9-12 کو دیکھیں۔)

**متی 9:6 اور یوحنا 6:14 کو پڑھیں۔**

اِن آیتوں سے کیسے ظاہر ہوتا ہے کہ ہمیں صرف یہوواہ خدا سے دُعا کرنی چاہیے اور یسوع مسیح کے وسیلے سے دُعا کرنی چاہیے؟

**1-یوحنا 14:5 کو پڑھیں۔**

ہم کون سی ایسی باتوں کے بارے میں دُعا کر سکتے ہیں جو 'یہوواہ کی مرضی کے مطابق' ہیں؟ مثالیں دیں۔ (اِشارہ: متی 9:6-13؛ کُلسّیوں 12:4 اور یعقوب 5:1 کو دیکھیں۔)



بہت سی اہم شخصیات کے برعکس یہوواہ ہم سے یہ توقع نہیں کرتا کہ ہم اُس سے بات کرنے سے پہلے اُس سے وقت لیں۔ ہم کسی بھی وقت اُس سے دُعا کر سکتے ہیں۔


www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

## ہمیں باقاعدگی سے اور دل سے دُعا کرنی چاہیے۔

(کتاب ”پاک کلام کی تعلیم“ کے باب 17 پیراگراف 13-15 کو دیکھیں۔)

**متی 26:41 اور 1-تھسلُنیکیوں 5:17 کو پڑھیں۔**

اِن آیتوں سے کیسے ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری دُعائیں کتنی لمبی ہونی چاہئیں اور ہمیں کتنی بار دُعا کرنی چاہیے؟

**1-تواریخ 16:36 اور 1-کُرنتھیوں 14:16 کو پڑھیں۔**

دُعا کے آخر پر کیا کہنا مناسب ہے؟

آپ اِس ہفتے کن باتوں کے بارے میں دُعا کر سکتے ہیں؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

## 3 اپنے عقیدوں کی وضاحت کریں

اگر کوئی کہتا ہے کہ ...

یسوع مسیح اور مُقدسین سے دُعا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

آپ کہہ سکتے ہیں کہ ...

بہت سے مذہبی رہنما یہ تعلیم دیتے ہیں۔ لیکن مَیں ایسا نہیں مانتا کیونکہ ...

آپ اُس شخص کو کون سی آیت دِکھا سکتے ہیں؟

آپ اُس شخص کے نظریے کو ذہن میں رکھتے ہوئے اِس آیت کی بِنا پر کون سی دلیلیں دیں گے؟

اگر کوئی کہتا ہے کہ ...

ہمیں اپنی ضرورتوں کے بارے میں دُعا نہیں کرنی چاہیے۔

آپ کہہ سکتے ہیں کہ ...

کچھ لوگ ایسا سمجھتے ہیں۔ لیکن میرا ماننا ہے کہ پاک کلام میں یہ تعلیم نہیں دی گئی کیونکہ ...

آپ اُس شخص کو کون سی آیت دِکھا سکتے ہیں؟

آپ اُس شخص کے نظریے کو ذہن میں رکھتے ہوئے اِس آیت کی بِنا پر کون سی دلیلیں دیں گے؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania